رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ

اے ہمارے رب! تجھ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم نے رجوع کیا اور تیرے ہی حضور پلٹنا ہے (ہمیں)۔

# المُمتَحنَتِه

## بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَتَّخِذُواْ عَدُوِّى وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَآءَ

اے ایمان والو! نہ پکڑو (بناؤ) میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست،

تُلْقُونَ إِلَيْهِم بِٱلْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُواْ بِمَا جَآءَكُم مِّنَ ٱلْحَقِّ

ان کو پیغام بھیجتے ہو دوستی سے (کا)، اور وہ منکر ہوئے ہیں اس سے جو تم کو آیا سچا دین۔

يُخْرِجُونَ ٱلرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ ۙ أَن تُؤْمِنُواْ بِٱللَّهِ رَبِّكُمْ

نکالتے ہیں رسول کو اور تم کو اس (بنا) پر، کہ تم مانو اللہ اپنے رب کو۔

إِن كُنتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَـٰدًا فِى سَبِيلِى وَٱبْتِغَآءَ مَرْضَاتِى ۚ تُسِرُّونَ إِلَيْهِم بِٱلْمَوَدَّةِ

اگر تم نکلے ہو لڑائی کو میری راہ میں، اور چاہ کر میری رضامندی، (تم کو یہ زیب نہیں دیتا) تم ان کو چھپے پیغام بھیجتے ہو دوستی کے۔

وَأَنَا۠ أَعْلَمُ بِمَآ أَخْفَيْتُمْ وَمَآ أَعْلَنتُمْ ۚ

اور مجھ کو خوب معلوم ہے جو چھپایا تم نے اور جو کھولا (اعلانیہ کیا) تم نے۔

وَمَن يَفْعَلْهُ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ ٱلسَّبِيلِ ﴿١﴾

اور جو کوئی تم میں یہ کام کرے، وہ بھولا سیدھی راہ۔

إِن يَثۡقَفُوكُمۡ يَكُونُواْ لَكُمۡ أَعۡدَآءٗ وَيَبۡسُطُوٓاْ إِلَيۡكُمۡ أَيۡدِيَهُمۡ وَأَلۡسِنَتَهُم بِٱلسُّوٓءِ

اگر تم کو وہ پائیں دشمن ہوں تمہارے، اور چلائیں تم پر اپنے ہاتھ، اور اپنی زبانیں برائی کو

وَوَدُّواْ لَوۡ تَكۡفُرُونَ ٢

اور چاہیں کس طرح تم منکر ہو جاؤ۔

لَن تَنفَعَكُمۡ أَرۡحَامُكُمۡ وَلَآ أَوۡلَٰدُكُمۡۚ

ہرگز کام نہ آئیں گے تم کو تمہارے ناتے (رشتے داریاں) اور نہ تمہاری اولاد،

يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ يَفۡصِلُ بَيۡنَكُمۡۚ

قیامت کے دن وہ (اللہ) فیصلہ کرے گا تم میں۔

وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ بَصِيرٞ ٣

اور اللہ جو کرتے ہو دیکھتا ہے۔

قَدۡ كَانَتۡ لَكُمۡ أُسۡوَةٌ حَسَنَةٞ فِيٓ إِبۡرَٰهِيمَ وَٱلَّذِينَ مَعَهُۥٓ

تم کو چال چلنی ہے اچھی، ابراہیم کی اور جو اس کے ساتھ تھے،

إِذۡ قَالُواْ لِقَوۡمِهِمۡ إِنَّا بُرَءَٰٓؤُاْ مِنكُمۡ وَمِمَّا تَعۡبُدُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ

جب کہا اپنی قوم کو ہم الگ ہیں تم سے اور جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوا، ان سے۔

كَفَرۡنَا بِكُمۡ وَبَدَا بَيۡنَنَا وَبَيۡنَكُمُ ٱلۡعَدَٰوَةُ وَٱلۡبَغۡضَآءُ أَبَدًا حَتَّىٰ تُؤۡمِنُواْ بِٱللَّهِ وَحۡدَهُۥٓ

ہم منکر ہوئے تم سے اور کھل پڑی (ہوگئی) ہم میں اور تم میں دشمنی اور بیر (عداوت) ہمیشہ کو، جب تک تم یقین نہ لاؤ اللہ اکیلے پر،

صلے

إِلَّا قَوۡلَ إِبۡرَٰهِيمَ لِأَبِيهِ لَأَسۡتَغۡفِرَنَّ لَكَ وَمَآ أَمۡلِكُ لَكَ مِنَ ٱللَّهِ مِن شَيۡءٖ

مگر ایک کہنا ابراہیم کا اپنے باپ کو، میں مانگوں گا معافی تیری، اور مالک نہیں میں تیرے بھلے کو اللہ کے ہاتھ سے کسی چیز کا۔

رَّبَّنَا عَلَيۡكَ تَوَكَّلۡنَا وَإِلَيۡكَ أَنَبۡنَا وَإِلَيۡكَ ٱلۡمَصِيرُ ٤

اے رب ہمارے! ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا اور تیری طرف رجوع ہوئے اور تیری طرف پھر آنا،

رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَةٗ لِّلَّذِينَ كَفَرُواْ وَٱغۡفِرۡ لَنَا رَبَّنَآۖ

اے رب ہمارے! نہ جانچ ہم پر کافروں کو، اور ہم کو معاف کر، اے رب ہمارے!

إِنَّكَ أَنتَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ ٥

تو ہی ہے زبردست حکمت والا۔

لَقَدۡ كَانَ لَكُمۡ فِيهِمۡ أُسۡوَةٌ حَسَنَةٞ لِّمَن كَانَ يَرۡجُواْ ٱللَّهَ وَٱلۡيَوۡمَ ٱلۡأٓخِرَۚ

البتہ تم کو بھلی چال چلنی ہے ان کی، جو کوئی امید رکھتا ہو اللہ کی، اور پچھلے دن (روز آخر) کی۔

وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلۡغَنِيُّ ٱلۡحَمِيدُ ٦

اور جو کوئی منہ پھیرے، تو اللہ وہی ہے بے پرواہ خوبیوں سراہا (لائق حمد و ثنا)۔

عَسَى ٱللَّهُ أَن يَجۡعَلَ بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَ ٱلَّذِينَ عَادَيۡتُم مِّنۡهُم مَّوَدَّةٗۚ

امید ہے کہ کر دے اللہ تم میں اور جو دشمن ہیں تمہارے ان میں دوستی۔

وَٱللَّهُ قَدِيرٞۚ وَٱللَّهُ غَفُورٞ رَّحِيمٞ ٧

اور اللہ سب کر سکتا ہے۔ اور اللہ (ہے) بخشنے والا ہے مہربان۔

لَّا يَنۡهَىٰكُمُ ٱللَّهُ عَنِ ٱلَّذِينَ لَمۡ يُقَٰتِلُوكُمۡ فِي ٱلدِّينِ وَلَمۡ يُخۡرِجُوكُم مِّن دِيَٰرِكُمۡ

اللہ تم کو منع نہیں کرتا اُن سے جو لڑے نہیں تم سے دین پر اور نکالا نہیں تم کو تمہارے گھروں سے،

أَن تَبَرُّوهُمۡ وَتُقۡسِطُوٓاْ إِلَيۡهِمۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلۡمُقۡسِطِينَ ٨

کہ اُن سے کرو بھلائی اور انصاف کا سلوک۔ اللہ چاہتا ہے انصاف والوں کو۔

إِنَّمَا يَنْهَىٰكُمُ ٱللَّهُ عَنِ ٱلَّذِينَ قَـٰتَلُوكُمْ فِى ٱلدِّينِ وَأَخْرَجُوكُم مِّن دِيَـٰرِكُمْ

اللہ تو منع کرتا ہے تم کو ان سے جو لڑے تم سے دین پر، اور نکالا تم کو تمہارے گھروں سے،

وَظَـٰهَرُوا۟ عَلَىٰٓ إِخْرَاجِكُمْ أَن تَوَلَّوْهُمْ ۚ

اور میل باندھا (مدد کی ایک دوسرے کی) تمہارے نکالنے پر، کہ ان سے کرو دوستی

وَمَن يَتَوَلَّهُمْ فَأُو۟لَـٰٓئِكَ هُمُ ٱلظَّـٰلِمُونَ ﴿٩﴾

اور جو کوئی اُن سے دوستی کرے سو وہ لوگ وہی ہیں گنہگار۔

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِذَا جَآءَكُمُ ٱلْمُؤْمِنَـٰتُ مُهَـٰجِرَٰتٍ فَٱمْتَحِنُوهُنَّ ۖ

اے ایمان والو! جب آئیں تم پاس ایمان والی عورتیں وطن چھوڑ کر تو ان کو جانچ لو۔

ٱللَّهُ أَعْلَمُ بِإِيمَـٰنِهِنَّ ۖ فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَـٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوهُنَّ إِلَى ٱلْكُفَّارِ ۖ

اللہ بہتر جانے اُن کے ایمان۔ پھر اگر جانو کہ وہ ایمان پر ہیں، تو نہ پھیرو انکو کافروں کی طرف۔

لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ ۖ

نہ یہ عورتیں حلال ہیں ان مردوں (کافروں) کو اور نہ وہ مرد (کافر) حلال ہیں ان عورتوں کو۔

وَءَاتُوهُم مَّآ أَنفَقُوا۟ ۚ

اور دے دو ان مردوں (کافروں) کو جو ان کا خرچ (مہر ادا کیا) ہوا۔

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَن تَنكِحُوهُنَّ إِذَآ ءَاتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۚ

اور گناہ نہیں تم کو کہ نکاح کرلو اُن عورتوں سے جب ان کو دو اُن کے مہر

وَلَا تُمۡسِكُواْ بِعِصَمِ ٱلۡكَوَافِرِ وَسۡـَٔلُواْ مَآ أَنفَقۡتُمۡ وَلۡيَسۡـَٔلُواْ مَآ أَنفَقُواْۚ

اور نہ رکھو قبضہ میں ناموس کافرعورتوں کے، اور مانگ لو جو تم نے خرچ کیا، اور وہ کافر مانگ لیں جو انہوں نے خرچ کیا۔

ذَٰلِكُمۡ حُكۡمُ ٱللَّهِ يَحۡكُمُ بَيۡنَكُمۡۚ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٞ ١٠

یہ اللہ کا فیصلہ ہے۔ تم میں فیصلہ کرتا ہے۔ اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا۔

وَإِن فَاتَكُمۡ شَيۡءٞ مِّنۡ أَزۡوَٰجِكُمۡ إِلَى ٱلۡكُفَّارِ فَعَاقَبۡتُمۡ

اور اگر جاتی رہیں تمہارے ہاتھ سے تمہاری عورتیں کافروں کی طرف، پھر تم کہا مارو (موقع ہاتھ آجائے)،

فَـَٔاتُواْ ٱلَّذِينَ ذَهَبَتۡ أَزۡوَٰجُهُم مِّثۡلَ مَآ أَنفَقُواْۚ

تو دو ان کو جن کی عورتیں جاتی رہیں جتنا اُنہوں نے خرچ کیا تھا۔

وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ ٱلَّذِيٓ أَنتُم بِهِۦ مُؤۡمِنُونَ ١١

اور ڈرتے رہو اللہ سے، جس پر تم کو یقین ہے۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ إِذَا جَآءَكَ ٱلۡمُؤۡمِنَٰتُ يُبَايِعۡنَكَ عَلَىٰٓ أَن لَّا يُشۡرِكۡنَ بِٱللَّهِ شَيۡـٔٗا

اے نبی جب آئیں تیرے پاس مسلمان عورتیں اقرار کرنے کو اس پر، کہ شریک نہ ٹھہرائیں اللہ کا کسی کو،

وَلَا يَسۡرِقۡنَ وَلَا يَزۡنِينَ وَلَا يَقۡتُلۡنَ أَوۡلَٰدَهُنَّ

اور چوری نہ کریں، اور بدکاری نہ کریں اور اپنی اولاد نہ ماریں،

وَلَا يَأۡتِينَ بِبُهۡتَٰنٖ يَفۡتَرِينَهُۥ بَيۡنَ أَيۡدِيهِنَّ وَأَرۡجُلِهِنَّ

اور طوفان (بہتان) نہ لائیں باندھ کر اپنے ہاتھوں پاؤں میں،

وَلَا يَعۡصِينَكَ فِي مَعۡرُوفٖ فَبَايِعۡهُنَّ وَٱسۡتَغۡفِرۡ لَهُنَّ ٱللَّهَۚ

تیری بے حکمی نہ کریں کسی بھلے کام میں، تو اُن سے اقرار کر (بیعت لے لو)، اور معافی مانگ انکے واسطے اللہ سے۔

إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ رَّحِيمٞ ١٢

بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَتَوَلَّوۡاْ قَوۡمًا غَضِبَ ٱللَّهُ عَلَيۡهِمۡ

اے ایمان والو! مت دوستی کرو ان لوگوں سے کہ غصے ہوا اللہ ان پر،

قَدۡ يَئِسُواْ مِنَ ٱلۡأٓخِرَةِ كَمَا يَئِسَ ٱلۡكُفَّارُ مِنۡ أَصۡحَٰبِ ٱلۡقُبُورِ ١٣

وہ آس توڑ چکے ہیں پچھلے گھر (آخرت) سے، جیسے آس توڑی منکروں نے قبر والوں سے۔

**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**